# 15-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ کے وزیر آئی ٹی و صنعتیں ڈی سری دھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ 2030 تک ہندوستان کا ایرو انجن کیپٹل بننے کے موقف کا حامل ہو گیا ہے۔

۲۔ وزیر لیبر وویک وینکٹ سوامی نے آج اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرز کے انتظامی نظام میں نظم و ضبط قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

۳۔ ریاستی کابینہ کا اجلاس پیر کو ہوگا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ مقامی بلدی اداروں کے انتخابات پر فیصلہ کرے گی۔

۴۔ تلنگانہ میں سردی کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ دو سے تین دنوں میں ریاست کے بعض علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے 3 ڈگری تا 4 ڈگری سلسیس کم رہنے کا امکان ہے۔

## SRIDHAR BABU

تلنگانہ کے وزیر آئی ٹی و صنعتیں ڈی سری دھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ 2030 تک ہندوستان کا 'ایرو انجن کیپٹل بننے کے موقف کا حامل ہو گیا ہے۔ یہ بات وزیر موصوف نے آج حیدرآباد میں انڈین اسکول آف بزنس منعقدہ آتمانربھر بھارت ہندوستان کی ایرواسپیش و دفاعی تیاری کے موضوع پر منعقدہ سمٹ کے موقع پر کہی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ ریاستی حکومت عالمی معیار کے مقابلہ ایروسپیس اور دفاعی شعبہ کے لئے ایک جامع روڈ میپ تیار کر رہی ہے، جس میں بڑے صنعت کاروں اور تعلیمی اداروں کے ساتھ تعاون شامل ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ عالمی سطح پر تیز رفتار جغرافیائی سیاسی تبدیلیاں اور سپلائی چین میں رکاوٹوں کی وجہ سے بیشتر ممالک ہندوستان جیسے قابل اعتماد شراکت دار کی طرف دیکھ رہے ہیں اور

تلنگانہ اس موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے بھر پور تیاری اور توجہ کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ تلنگانہ کے طویل مدتی ویژن کے تحت حکومت ایروسپیس اور دفاعی شعبہ کو 2047 تک 53 ٹریلین روپے کی معیشت کے اپنے ہدف کا ایک اہم حصہ بنا رہی ہے۔

SAJJANAR

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے آج خبردار کیا کہ سائبر فراڈ کرنے والے فرضی فیس بک اکاؤنٹس بنا کر ان کے نام سے پیغامات بھیج رہے ہیں، جن میں لکھا ہوتا ہے کہ وہ مشکل میں ہیں براہ کرم رقم بھیجیں۔ انہوں نے ایک واقعہ کا حوالہ دیا جس میں ان کے ایک دوست کو دھوکہ دیا گیا اور اس نے دھوکہ بازوں کے اکاؤنٹ میں 20,000 روپے منتقل کر دیئے۔ کمشنر نے عوام سے خواہش کی کہ کبھی بھی ایسے فرینڈ ریکویسٹ یا پیغامات کا جواب نہ دیں جو کسی شخص کی طرف سے، چاہے وہ ان کا نام استعمال کر رہا ہو یا کوئی اور سرکاری عہدیدار رقم مانگ رہے ہوں۔

VIVEK

وزیر لیبر وویک وینکٹ سوامی نے آج اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرز (اے ٹی سیز) کے انتظامی نظام میں نظم و ضبط قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں ایم سی آر ایچ آر ڈی میں اے ٹی سیز کو سرگرم بنانے کے طریقہ کے جائزہ اجلاس میں حصہ لیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ٹکنالوجی سنٹرس کی اولین ترجیح ٹریزس کی تربیت ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پرنسپلس اور ٹریزس کو متوقع نتائج کے حصول کے لئے جذبہ کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ وزیر نے ریاستی حکومت کی طرف سے تمام ضروری تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے حکام سے کہا کہ وہ طلبہ میں نظم وضبط قائم کرنے پر کام کریں۔ وزیر نے مزید کہا کہ ان کی حکومت نے تلنگانہ بھر میں ATCs قائم کئے ہیں، جن کا مقصد پرانے مہارت والے ترقیاتی پروگراموں کواپ گریڈ کرنا اور نوجوانوں کی روزگار کے مواقع بہتر بنانا ہے۔

PIB FACT CHECK:

مرکزی حکومت نے ایک موافق پاکستان ہینڈل کے دعوے کو جھوٹا قرار دیا ہے کہ دو گھنٹوں کے اندر تین ہندوستانی فضائیہ کے طیارے نامعلوم الیکٹرانک مداخلت کی وجہ سے گر گئے۔ پی آئی بی کی فیکٹ چیک یونٹ نے اس دعوے کو فرضی قرار دیا اور کہا کہ ہندوستانی فضائیہ نے باضابطہ طور پر وضاحت دی ہے کہ گرنے والا طیارہ ایک تربیتی مشن کے دوران ہندوستانی فضائیہ کا تربیتی طیارہ تھا۔ ہندوستانی فضائیہ نے مزید کہا کہ کسی شہری جائیداد کو نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

PM-BRISA MUNDA:

وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج سرکردہ قبائلی مجاہد آزادی برسا منڈا کو ان کی 150 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مودی نے کہا کہ جن جاتیہ گورو دیوس کے اس موقع پر پورا ملک مادر وطن کے وقار کے تحفظ میں برسا منڈا کے بے مثال کردار کو عقیدت کے ساتھ یاد کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر ملکی حکمرانی کے ظلم کے خلاف برسا منڈا کی جدوجہد اور قربانی ہر نسل کے لیے تحریک کا باعث بنی رہے گی۔ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے برسا منڈا کو قبائلی شناخت، ہندوستانی فخر اور ایک عظیم آزادی کے مجاہد کی علامت قرار دیا۔

HIGH COURT:

سائبر مجرموں نے تلنگانہ ہائی کورٹ کی ویب سائٹ کو ہیک کر لیا۔ یہ سائبر حملہ اُس وقت سامنے آیا جب عملہ نے ویب سائٹ میں چھیڑ چھاڑ کو محسوس کیا۔ ہائی کورٹ کے رجسٹرار (آئی ٹی) ٹی۔ وینکٹیش راؤ نے فوری طور پر اس واقعہ کی شکایت ڈی جی پی کے علم میں لائی اور بتایا کہ ہائی کورٹ کی سرکاری ویب سائٹ پر سائبر حملہ کیا گیا ہے۔ اپنی شکایت میں انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ اپنی سرکاری ویب سائٹ tshc.gov.in کو نیشنل انفارمیٹکس سنٹر بی آر کے آر بھون، ٹینک بنڈ روڈ سے چلا رہی ہے، جہاں

عدالتی معلومات جیسے کیس لسٹ، کیس کی حیثیت وغیرہ اور انتظامی معلومات مثلاً نوٹیفکیشن، نوٹس (زیادہ تر پی ڈی ایف دستاویزات) فراہم کی جاتی ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ 11 نومبر 2025 کی صبح ہائی کورٹ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردہ پی ڈی ایف فائلوں میں نامعلوم افراد کی جانب سے چھیڑ چھاڑ کی گئی، انہیں ڈی ایکٹیویٹ کر دیا گیا، اور ان پر کلک کرنے پر صفحات گیمنگ ایپ/ سائٹ کی طرف ری ڈائریکٹ ہو رہے تھے، جو کہ واضح طور پر ہیکنگ اور سائبر کرائم کے زمرہ میں آتا ہے اور ہائی کورٹ کی ساکھ کو متاثر کرتا ہے۔

BYPOLL:

لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی سے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ملاقات کی۔ یہ ملاقات قومی دارالحکومت نئی دہلی میں ہوئی، جس میں کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارامیا، کانگریس کے قومی جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال بھی موجود تھے۔اس ملاقات میں حیدر آباد کے جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب میں ایم ایل اے منتخب ہونے والے نوین یادو، تلنگانہ کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ اور نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرمارک بھی اس ملاقات میں شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق، اس ملاقات میں جوبلی ہلز انتخاب میں کامیابی اور ریاست کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دوسری جانب، ریاست میں جلد ہونے والے ممکنہ مقامی انتخابات پر بھی بات چیت ہوئی۔

WEATHER:

تلنگانہ میں سردی کا سلسلہ جاری ہے، کوہیر (سنگاریڈی) اور یالا (وقار آباد) اضلاع میں کم سے کم درجہ حرارت 8.1 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے مطابق ریاست کے 11 اضلاع میں درجہ حرارت 10 ڈگری سلسیس سے کم رہا۔موسمیات محکمہ نے آج جاری کردہ بلیٹن میں کہا کہ آئندہ دو سے تین دنوں میں ریاست کے بعض علاقوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے

3 ڈگری تا 4 ڈگری سلسیس کم رہنے کا امکان ہے۔ حیدرآباد اور اس کے گردونواح میں بھی سردی رہی، سیری لنگم پلی میں 9.8 ڈگری سلسیس، میڑچل میں 11.9 ڈگری سلسیس اور ماریڈپلی میں 12.6 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

CRICKET:

مینس کرکٹ میں جنوبی افریقہ نے کولکتہ کے ایڈن گارڈنس میں ہندوستان کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن اپنی دوسری اننگز میں 93 رنز پر 7 وکٹیں کھو کر دن کا اختتام کیا۔ ٹیمبا باوما 29 اور کوربن بوش 1 رن کے ساتھ کریز پر موجود تھے۔ جنوبی افریقہ 63 رنز کی برتری پر ہے۔ آج سے پہلے ہندوستان اپنی پہلی اننگز میں 189 رنز پر آل آؤٹ ہوا۔ کے ایل راہول نے 39 رنز بنائے اور ہندوستان کی جانب سے سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی رہے، جبکہ واشنگٹن سندر نے 29 رنز کا اضافہ کیا۔ جنوبی افریقہ نے کل اپنی پہلی اننگز میں 159 رنز بنائے، ہندوستانی بولرس نے اننگز پر چھایا، جس میں جسپریت بمرہ نے پانچ وکٹیں حاصل کیں، جبکہ محمد سراج اور کلدیپ یادو نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

CABINET:

ریاستی کابینہ کا اجلاس پیر کو ہوگا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ مقامی بلدی اداروں کے انتخابات پر فیصلہ کرے گی۔ وزراء کی رائے کے ساتھ ساتھ بی سی ریزرویشن اور اس کے قانونی پہلوؤں سمیت دیگر مسائل پر بھی بات ہوگی۔

AP:

آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو نے کہا کہ ریاستی اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے کوانٹم کمپیوٹنگ میں تربیت فراہم کرنے کے لئے تین اداروں کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ 30 ویں سی آئی آئی

پارٹنرشپ سمٹ میں ویزاگ میں اس شراکت داری کا اعلان کیا گیا۔فریق اداروں میں واشنگٹن انسٹیٹیوٹ فاراسٹم ،انٹرپرینیورشپ اینڈ ریسرچ، کیوبی ٹیک سولیوشنس اور کیوکرشنا کوئم شامل ہیں۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست بھر میں 50,000 سے زیادہ طلبہ، محققین اور صنعتی ماہرین اس تربیت سے مستفید ہوں گے۔

NORTH EAST CONNECT:

تلنگانہ حکومت اس ماہ کے 20 تاریخ سے پہلا دو مرحلوں پر مشتمل تلنگانہ نارتھ ایسٹ کنیکٹ ،ٹیکنو کلچرل فیسٹیول 2025 کا انعقاد کررہی ہے۔ پہلے مرحلہ کا انعقاد ہائی ٹیکس میں جبکہ دوسرے مرحلہ کا انعقاد راج بھون میں کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے گورنر کے پرنسپل سکریٹری دانا کشور نے بتایا کہ پہلے مرحلہ میں 300 سے 350 مندوبین شرکت کریں گے۔ یہ ایونٹ مختلف شعبوں سے ٹیکنو کلچرل کے تبادلے، نوجوانوں کی شمولیت کو فروغ دینے اور جدید اختراعات کی حوصلہ افزائی کرنے کا پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ یہ ایونٹ 20 تاریخ سے شروع ہوگا اور شعبہ جاتی تعاملات،نیٹ ورکنگ، پرفارمنگ آرٹس اورفنون لطیفہ پر زور دے گا۔انہوں نے کہا کہ دوسرا مرحلہ اس ماہ کی 25 تاریخ سے راج بھون میں ہوگا اوراس میں صحت اور لائف سائنس پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ دو مرحلوں پر مشتمل تلنگانہ نارتھ ایسٹ کنیکٹ میں گورنراور وزیر اعلیٰ کے علاوہ تلنگانہ کے وزراء، شمال مشرقی ریاستوں اورسکم کے گورنرس اور وزراء بھی شریک ہوں گے۔راج بھون 2025 کے لئے گورنر ایوارڈس آف ایکسیلنس کیلئے درخواستیں طلب کررہا ہے۔گورنر نے کہا کہ افراد اور تنظیمیں خواتین کے بااختیار بنانے، قبائلی ترقی، دیہی صحت اور کارپوریٹ والنٹرنگ کے شعبوں میں نمایاں کارکردگی کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

○○